عشق دنیا، عقبی کی کامرانیوں کے پروانے لٹاتا نظر آیا اور دارین کی سعادتیں بانٹتا دکھائی دیا۔

خوش نصیبی ہے کہ یہ دل عشقِ شہِ کونین سے لبریز ہو، ذوق نظر انہی کے تصور سے آشنا ہو، قلب و جوارح انہیں کے اعمال سے منور ہوں، زبان و دل انہی کے مدح سرا ہوں، جہانِ تخیل میں انہی کے تار بنے جاتے ہوں لب پیاسے رہتے ہوں تو انہی کی اسم بوسی کے لئے...... زبانیں تو ہوں تو انہی کے ذکر لذت آگیں سے' گردنیں بھی کٹنے کو بے تاب ہوں تو انہی کے دین وار شاد پہ...... بڑا بلند رتبہ ہے ایسے عاشقوں کا اللہ تعالیٰ کے ہاں بڑی قدر دانی ہے ایسے عشاق کی، درمحبوب میں یہ جو دیدار کے طلب گار بھی ہوں گے، شفاعت کے حق دار بھی یہی ہوں گے، ہاں! جو لوگ کشتہ ثنائے محبوب ہیں ہاں جو لوگ عشاق شہِ محبوب ہیں اور جو لوگ غلام درمحبوب ہیں ان کا نصیبا بہت بلند ہے' ان کا بخت ہی بڑا خوش بخت ہے، اللہ کے ہاں وہ یقینا سرو قد ہوں گے اور ذات حبیب کبریا کے سامنے بھی روز محشر یہی رخشندہ ہوں گے اور تابندہ بھی یہی۔ بقول شاعر

جس کو شعاع عشق محمد عطا ہوئی مسرور اس کا راستہ آسان ہوگیا

ایسے لوگوں کا حال کچھ یوں ہوتا ہے...........

مال و زر ، جہاں کی تمنا نہیں مجھے عشق رسول میری متاع حیات ہے

اور ہاں ان کی تمنائے درد دل یہی تو ہوتی ہے......

کوئی طلب ہے مجھے زیست میں تو اتنی ہے نبی کی چاہ ملے اور بے پناہ ملے

............☆☆☆............

حضرت مولانا صوفی عبدالحمید سواتی انتقال کر گئے

برصغیر کے ممتاز عالم دین، مفسر قرآن حضرت مولانا صوفی عبدالحمید خان سواتی 6 اپریل 2008ء اتوار کی صبح انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ معروف دینی درسگاہ جامعہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ کے بانی و مہتمم، پچاس سے زائد کتابوں کے مصنف، امام اہل السنۃ حضرت شیخ الحدیث مولانا سرفراز خان صفدر کے بھائی، دارالعلوم دیوبند کے فاضل اور حضرت سید حسین احمد مدنی کے شاگرد خاص تھے۔ ماہنامہ وفاق المدارس ملتان کے مدیر و دیگر عملہ حضرت کی وفات حسرت آیات پر نہایت رنجیدہ اور پسماندگان و متوسلین کے غم میں برابر کے شریک ہیں، اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ حضرت والا کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطاء کرے اور پسماندگان کو صبر جمیل سے نوازے۔ حضرت والا کی خدمات اور زندگی کے حالات سے متعلق تفصیلی مضمون اگلے شمارے میں ملاحظہ فرمائیں۔...........................(ادارہ)